دعوت اسلامی

پیاری پیاری کہانیاں اور نظمیں

بطخ رانی

کے۔جی کے مدنی منوں اور مدنی منیوں کے لیے

دعوتِ اسلامی

بطخ رانی

نام _____

ولدیت _____ فون _____

کلاس _____ سیکشن _____

ایڈمیشن آئی۔ڈی _____ جی۔آر نمبر _____ رول نمبر _____

اسکول _____

دعوتِ اسلامی

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

مجلس دارالمدینہ (دعوتِ اسلامی) کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔

پبلشر

دارالمدینہ پبلی کیشنز

پہلی اشاعت ۲۰۱۶

ISBN: 978-969-631-706-7

تیاری و پیش کش

شعبۂ نصاب، دارالمدینہ

ای میل: curriculum@darulmadinah.net

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) ان ممالک میں موجود ہے

پاکستان | بھارت | سری لنکا | برطانیہ | ریاست ہائے متحدہ امریکا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب "بطخ رانی (کے۔جی)" مطبوعہ دارالمدینہ پبلی کیشنز پر مجلس تفتیشِ کتب و رسائل کی جانب سے نظرِ ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کرلیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم — مجلس — تفتیشِ کتب و رسائل — پوسٹ بکس ۳۱۶۰ عید پلازا کراچی مغلپورہ لاہور

مجلس تفتیشِ کتب و رسائل (دعوتِ اسلامی)

تاریخ: ۲۱ جنوری ۲۰۱۶

ہمارا ساتھ دیجیے۔

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) کا بنیادی مقصد شریعت کے تقاضوں کے مطابق معیاری دینی و دنیوی تعلیم فراہم کرنا ہے۔
تمام اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں سے تعاون کی مدنی التجا ہے۔

Dar-ul-Madinah Educational Support Fund

Title of Account : Darul Madina Educational Support Fund
Account No. : 0112-0891-010-1515-9
Bank : UBL Ameen
Branch : Main Branch M.A. Jinnah Road, Karachi
Branch Code : 0891
Swift Code : UNILPKKA
IBAN Code : PK97UNIL0112089101015159

For Sadqaat-e-Nafila

Title of Account : DAWATEISLAMI
Account No. : 0388841531000263
Bank : MCB Bank Limited
Branch : Cloth Market Branch, Karachi
Branch Code : 0063
Swift Code : MUCBPKKA
IBAN Code : PK20MUCB0388841531000263

مزید معلومات اور آن لائن عطیات جمع کروانے کے لیے ہماری ویب سائٹس وزٹ کیجیے۔

www.darulmadinah.edu.pk | www.dawateislami.net | donation.dawateislami.net

کتاب کی تدریس کے چند مدنی پھول

1. تدریس سے پہلے نظم/کہانی اور اس کے مقاصد کا بغور مطالعہ کر لیجیے۔
2. پہلے چند مرتبہ نظم/کہانی باآوازِ بلند پڑھنے کی مشق کیجیے تاکہ بااعتماد انداز میں کہانی سنانے کی مختلف تکنیکوں کا استعمال آپ کمرۂ جماعت میں کر سکیں مثلاً تصویروں کی طرف اشارہ کرنا، تبصرہ کرنا، سوالات کرنا اور بچوں کو پیش گوئی اور دہرائی کی ترغیب دینا۔
3. مدنی منوں/منیوں کو اپنی کتاب خود کھولنا اور دیکھنا سکھایئے۔
4. درست طریقے سے کتاب پکڑنے اور دائیں سے بائیں صفحات پلٹنے کے لیے ان کی مدد اور رہنمائی کیجیے۔
5. پیریڈ کے آغاز میں پڑھائی جانے والی نظم/کہانی کا ذکر اس انداز میں کیجیے کہ بچوں میں تجسس پیدا ہو اور وہ پوری توجہ سے کہانی سننے کے لیے آمادہ ہو جائیں۔
6. کہانی/نظم سنانے کا انداز دلچسپ اور واضح ہو جبکہ پڑھنے کی رفتار مناسب ہونی چاہیے۔ مدنی منوں/منیوں کو نظم ترنم میں سنایئے۔
7. کہانی/نظم سنانے کی مختلف تکنیکوں سے آگاہی لازمی ہے، مثلاً صحیح وقت پر رکنا، آواز اور لب و لہجے میں اتار چڑھاؤ، اشاروں، چہرے کے تاثرات اور صوتی تاثرات کا بروقت اور صحیح استعمال۔
8. ہر تصویر کے بارے میں مشاہداتی سوالات کیجیے: تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟ کون نظر رہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟
9. تصاویر میں موجود کرداروں، جانوروں اور اشیاء کے نام بتایئے اور ان کی شروع کی آوازوں کی پہچان کروایئے۔
10. مدنی منوں/منیوں کے ذاتی تجربات کا کہانی سے تعلق پیدا کیجیے مثلاً نظم "رنگ برنگ" پڑھانے کے دوران پوچھیے کہ آپ کے گھر میں کتنی رنگ برنگی چیزیں ہیں؟ کیا آپ اُن کے نام اور رنگ بتا سکتے ہیں؟ کہانی "دادی اماں کی باتیں" کی تدریس کے دوران پوچھیے کہ آپ کس طرح دوسروں کو آسانیاں دیں گے۔
11. کہانی ختم ہونے کے بعد سوالات کیجیے اور جوابات کے دوران پوری کہانی کی دوبارہ دہرائی کروایئے۔
12. مدنی منوں/منیوں سے کہیے کہ وہ کہانی اپنے الفاظ میں سنائیں۔ اگر وہ سنانے میں غلطی کر رہے ہوں تو پیار سے سمجھایئے اور آسان سوالات کے ذریعے بات آگے بڑھانے میں ان کی مدد کیجیے۔
13. مدنی منوں/منیوں سے سنی ہوئی کہانیوں پر ان کی حوصلہ افزائی کیجیے اور شاباشی دیجیے۔
14. دہرائی مکمل ہونے کے بعد سوالات اور اشارات کے ذریعے نظم/کہانی کے مرکزی خیال تک بچوں کو پہنچانے کی کوشش کیجیے۔

فہرست

نمبر شمار	عنوان	مقاصد	صفحہ
1	نظم: رب نے بنائی دنیا ساری	اللہ عَزَّوَجَلَّ کی دی ہوئی نعمتوں کا ادراک حاصل کرنا۔ شکرِ خدا عَزَّوَجَلَّ کا جذبہ پیدا کرنا چند نئے الفاظ سیکھنا۔	۱۔۲
2	نظم: آئے حضور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم آئے	نبی کریم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے محبت کا جذبہ بیدار کرنا۔ دُرود شریف سیکھنا۔	۳۔۴
3	کہانی: اچھے دوست	مشکل وقت میں دوسرے کی مدد کا جذبہ بیدار کرنا۔ ذہانت کے استعمال سے مصیبت سے نکلنے کا تصوّر حاصل کرنا۔	۵۔۱۲
4	نظم: رنگ برنگ	منتخب رنگوں کی پہچان اور ان کے نام یاد کرنا۔ مختلف پھلوں کی رنگت اور نام یاد کرنا۔	۱۳۔۱۴
5	نظم: موسم پیارے پیارے	پانچ موسموں اور ان کی خصوصیات کا تعارف۔	۱۵۔۱۶
6	کہانی: سب کا خالق	اللہ عَزَّوَجَلَّ کے خالق ہونے کا تصور دینا۔ حواسِ خمسہ اور ان کے وظائف سکھانا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے صفاتی نام "خالق" کو یاد کرنا۔	۱۷۔۲۰
7	نظم: بطخ رانی	بطخ اور اس کی عادات سے واقفیت حاصل کرنا۔ دوسروں کے آرام میں مخل نہ ہونا۔	۲۱۔۲۲
8	نظم: صحت کا راز	کھانا کھانے کی سنتیں اور آداب سیکھنا۔	۲۳۔۲۴
9	کہانی: پانی	پانی کی اہمیت سے آگاہ ہونا۔ پانی ضائع نہ کرنے کا تصور حاصل کرنا۔	۲۵۔۲۹
10	کہانی: دادی اماں کی باتیں	اچھی عادات سیکھنا۔ بڑوں کی فرماں برداری سیکھنا۔	۳۰۔۳۷
11	کہانی: اچھا منا (بغیر متن کی کہانی)	مشاہدے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا۔ کسی کی غیر موجودگی میں بھی اس کی چیز کو استعمال نہ کرنا۔ چوری سے بچنے کا ذہن دینا۔	۳۸
12	کہانی: سچی منی (بغیر متن کی کہانی)	مشاہدے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا۔ ہمیشہ سچ بولنے کی ترغیب حاصل کرنا۔	۳۹



رب عَزَّوَجَلَّ نے بنائی دنیا ساری

رب نے بنائے پیارے پیارے
پھُول اور پودے، چاند اور تارے
دریا، ندیاں اور سمندر
اِک دنیا ہے اِن کے اندر
اُونچے پہاڑ اور ریگِستان
اُس کی قُدرت کی پہچان
ہاتھی، گینڈا، چیتا، شیر
اُس کے آگے سب ہیں زیر
تازہ پھل اور سبزی دالیں
پی کر پانی پیاس بُجھا لیں
رب کی ہر اِک نعمت پیاری
اُس کی ہے یہ دُنیا ساری

Dar-ul-Madinah

آئے حُضُور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم آئے

خُوشبُو بھری فضا ہے
ہر دِل ہی شادماں ہے
منظر بدل گیا ہے
اللہ مہرباں ہے
سب پھُول مُسکرائے
سب نُور میں نہائے
آئے حضُور آئے صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم
آئے حضُور آئے صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم

گُلشن مہک اُٹھے ہیں
ذرّے دمک اُٹھے ہیں
بادل کرم کے چھائے
آئے حضُور آئے صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم
روشن ہُوا زمانہ
سب کو مِلا خزانہ
اندھیارے جگمگائے
آئے حضُور آئے صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم

Darul-Madinah

روزانہ دُودھ پِیئیں۔

رات جلدی سوئیں۔

Dar-ul-Madinah